**19.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

---------------------------------

☆ NDA پارلیمانی پارٹی کے اتحاد نے نائب صدر کے عہدے کیلئے CP رادھا کرشنن کی امیدواری کی توثیق کردی ہے۔ وزیرِ اعظم مودی نے حزب اختلاف سے نائب صدر کے اتفاقِ رائے سے انتخاب کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

☆ جسٹس بی سدرشن ریڈی حزب اختلاف کی طرف سے نائب صدر کے عہدے کے امیدوار ہوں گے۔

☆ وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج روس کے تین روزہ دورے پر روانہ ہورہے ہیں، جہاں وہ روس کے عہدیداروں کے ساتھ کلیدی شراکت داری کو مستحکم کرنے اور عالمی امور پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

☆ نئی دلّی میں بھارت اور چین کے خصوصی نمائندوں کے درمیان سرحدی سوال پر بات چیت کا 24 واں دور چل رہا ہے۔

☆ ممبئی اور اس کے نواحی علاقوں میں انتہائی شدید بارش کی وجہ سے ٹرینوں کی آمد و رفت معطل ہوکر رہ گئی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج ممبئی اور نواحی اضلاع کیلئے شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**NDA Meeting**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج اپوزیشن پارٹیوں سمیت تمام سیاسی پارٹیوں سے نائب صدر کے عہدے کیلئے NDA کے امیدوار سی پی رادھا کرشنن کو متفقہ طور پر منتخب کرنے کی اپیل کی ہے۔ نئی دلّی میں آج NDA پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ کے دوران، جناب مودی نے این ڈی اے کے ارکانِ پارلیمنٹ سے جناب رادھا کرشنن کا تعارف کرایا۔ جناب مودی نے رکن پارلیمنٹ اور گورنر کے طور پر مختلف عہدوں پر فائز رہتے ہوئے، ان کی طویل عوامی زندگی کے بارے میں بتایا۔

میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے، پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجیجو نے کہا کہ وزیرِ اعظم نے سبھی سیاسی

پارٹیوں اور اُن کے تمام ارکانِ پارلیمنٹ سے اپیل کی ہے کہ وہ نائب صدر کے عہدے کے کیلئے جناب رادھا کرشنن کی حمایت کریں۔

**SB - Kiren Rijiju / NDA Meet**

انہوں نے کہا کہ جناب رادھا کرشنن نے تنازع سے پاک بہت ہی سادہ زندگی گزاری ہے۔ جناب رجیجو نے زور دیا کہ نائب صدر کے عہدے کیلئے ان کا انتخاب پورے ملک کیلئے خوشی کا لمحہ ہوگا۔ **x**

**Opposition Candidate**

**I.N.D.I.A** اپوزیشن بلاک نے ریٹائرڈ جسٹس اور سپریم کورٹ کے سابق جج بی سدرشن ریڈی کو نائب صدر کے عہدے کے چناؤ کیلئے اپنا امیدوار بنایا ہے۔ وہ گوا کے پہلے لوک آیکت بھی رہ چکے ہیں۔ نائب صدر کیلئے اگلے مہینے کی **9** تاریخ کو انتخاب ہوگا۔ **x**

**Final Day Paliament Adjourned**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوان کی کارروائی ووٹر فہرستوں پر خصوصی نظر ثانی سمیت مختلف معاملات پر اپوزیشن پارٹیوں کے شور شرابے کے بعد دن کے دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔

جب راجیہ سبھا کا اجلاس دن میں گیارہ بجے شروع ہوا تو ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نے کہا کہ انہیں مختلف امور سے متعلق کئی سیاسی پارٹیوں کی جانب سے التوا کے **20** نوٹس موصول ہوئے ہیں لیکن انہیں ضابطوں کا حوالہ دے کر مسترد کردیا گیا۔ اس کے بعد اپوزیشن اراکان نے نعرے لگانے شروع کردئے۔ہری ونش نے وقفۂ صفر کی کارروائی چلانے کی کوشش کی اور اپوزیشن ارکان سے زور دے کر کہا کہ وہ ایوان کا کام کاج چلنے دیں لیکن اپوزیشن ارکان نے اپنا احتجاج جاری رکھا۔ جب شور شرابے کا سلسلہ جاری رہاتو ڈپٹی چیئرمین نے ایوان کا اجلاس دن کے دو بجے تک کیلئے ملتوی کردیا۔

لوک سبھا میں بھی اسی طرح کے مناظر دیکھنے میں آئے جب ایوان زیریں کا اجلاس دوپہر بارہ بجے پہلے التوا کے بعد شروع ہوا تو اپوزیشن پارٹیوں نے ووٹر فہرستوں پر خصوصی نظر ثانی کے معاملے پر بحث کرائے جانے کی مانگ کو لے کر احتجاج شروع کردیا۔ صدر نشیں نے وقفۂ صفر کی کارروائی چلانے کی کوشش کی لیکن اپوزیشن ارکان نے اپنی مانگ کے سلسلے میں احتجاج جاری رکھا۔ صدر نشیں نے بار بار اپیل کی کہ ایوان کی کارروائی چلنے دیں لیکن شوروغل کا سلسلہ نہیں رکھا۔ اس کے بعد صدر نشیں نے ایوان کا اجلاس دن کے دو بجے تک کے لئے ملتوی کردیا۔ اِس سے پہلے جب ایوان کا اجلاس دن میں گیارہ بجے شروع ہوا تو لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے ایوان کو مطلع کیا کہ ترجے کی سہولت اب آئین میں درج سبھی زبانوں میں دستیاب ہوگی۔

انہوں نے بتایا کہ یہ سہولت اب کشمیری ، کونکنی اور Santali میں بھی دستیاب ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ اب تک ہندی اور انگریزی کے علاوہ ترجمے کی سہولت 18 زبانوں میں فراہم کی جارہی تھی۔ جناب برلا نے مطلع کیا کہ کشمیری ، کونکنی اور Santali کو شامل کئے جانے کے بعد اب آئین کے 8 ویں شیڈول میں درج سبھی 22 زبانوں میں ترجمے کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔x

**Rev LS Viksit Krishi Sanklap Abhiyan**

زراعت اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے اعلان کیا ہے کہ اِس سال تین اکتوبر سے وکست کرشی سنکلپ ابھیان شروع کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اِس مہم کا مقصد کسانوں اور زرعی سائنسدانوں کے درمیان براہ راست گفتگو کو بڑھاوا دینا ہے اور یہ سلسلہ 18 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے، جناب چوہان نے یہ بھی کہا کہ اِس مہم کے دوران ہزاروں سائنسداں اور زرعی محکمے کے اہلکار گاؤوں کا دورہ کریں گے اور کسانوں سے بات چیت کرکے، اُنہیں اناج کی پیداوار بڑھانے کیلئے نت نئی ٹیکنالوجی کے بارے میں جانکاری دیں گے۔

**SB - 1400 - Shivraj Singh Chouhan**

**FM China FM Doval Talks**

آج نئی دلّی میں قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور چین کے وزیر خارجہ Wang Yi کے درمیان سرحدی سوال پر بات چیت کا 24واں دور ہوا۔ میٹنگ کے بعد جناب ڈوبھال نے کہا کہ گذشتہ 9 مہینوں کے دوران سرحد پر حالات بہتر ہوئے ہیں اور بدستور پُرسکون ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملک اپنے رہنماؤں کے شکرگزار ہیں، جنہوں نے گذشتہ اکتوبر میں Kazan میں ملاقات کے دوران تعلقات کیلئے نئی سمت طے کی تھی۔

**SB - 1400 - Ajit Doval**

چین کے وزیرِ خارجہ Wang Yi نے کہا کہ گذشتہ کچھ برسوں میں دونوں ملکوں کے درمیان آنے والی کچھ رکاوٹیں فریقین کے عوام کے مفاد میں نہیں ہیں۔ x

**EAM Russia Visit**

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، آج سے روس کا تین روزہ دورہ کریں گے۔ وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ڈاکٹر جے شنکر، کل ماسکو میں بھارت-روس بین حکومتی کمیشن کے 26ویں اجلاس کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ یہ اجلاس

تجارت، معیشت، سائنسی، تکنیکی اور ثقافتی تعاون کے موضوعات پر ہوگا۔ دورے کے دوران ڈاکٹر جے شنکر روس کے اپنے ہم منصب، Sergey Lavrov کے ساتھ بات چیت کریں گے اور بھارت-روس تجارتی فورم سے بھی خطاب کریں گے۔ وزارت نے مزید کہا کہ دونوں رہنما دوطرفہ ایجنڈے کا جائزہ لیں گے اور علاقائی و عالمی امور پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ وزیرِ خارجہ کا یہ دورہ بھارت اور روس کے درمیان خصوصی اور طویل مدتی اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کی کوشش ہے۔x

## Maha - Rains

ممبئی شہر اور اُس کے آس پاس کے علاقوں میں جمعہ سے لگاتار موسلادھار بارش ہورہی ہے، جس کی وجہ سے ٹرینوں کی آمد و رفت معطل ہوکر رہ گئی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ہوشیار رہیں اور غیر ضروری طور پر سفر نہ کریں۔ نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار منترالیہ میں ریاستی ہنگامی کنٹرول روم گئے اور انہوں نے وہاں جاکر ممبئی شہر اور ریاست کے دوسرے علاقوں میں ہونے والی موسلادھار بارش کی وجہ سے پیدا شدہ صورتحال کا جائزہ لیا۔

اِسی دوران موسمیات کے محکمے نے آج ممبئی اور پڑوسی اضلاع پال گھر ، تھانے اور رائے گڑھ کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے نے پونے کے گھاٹوں، ناشک اور سَتارا کیلئے بھی ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

Brihanmumbai میونسپل کارپوریشن نے آج ممبئی میں تمام سرکاری، پرائیویٹ اور میونسپل اسکولوں اور کالجوں میں چھٹی کا اعلان کیا ہے۔ x

## Delhi Yamuna Water level

دلی میں جمنا ندی کے پانی کی سطح خطرے کے نشان 205 اعشاریہ تین تین میٹر کو پار کرگئی ہے اور آج دن میں گیارہ بجے یہ 205 اعشاریہ سات سات میٹر پر پہنچ گئی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆